سوال

(200) قرآن مجید کی تلاوت بلا تخصیص وقت و مکان   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن مجید کی تلاوت بلا تخصیص وقت و مکان کے میت کو ثواب پہنچتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی آیت یا حدیث سے تلاوت قرآن کی ثواب رسانی کا ثبوت نہیں۔ نہ زمانہ رسالت میں اس کا ثبوت ملتا ہے۔ حنفی علماء اس کو مالی عبادات پر قیاس کر کے جائز کہتے ہیں۔

شرفیہ :...اس باب میں کچھ روایات یا آثار کتاب ((ثمار التنکیت فی ابیات التثبیت)) میں ہیں۔ مگر اس وقت وہ کتاب موجود نہیں جو نقل کی جائیں۔ ہاں نیل الاوطار سے بحیثیت مجموعی ملتا ہے کہ جمہور اہل سنت کے نزدیک تلاوت قرآن کا ثواب بھی میت کو ملتا ہے۔ (نیل الاوطار ص ۷۹، ۸۰۔ ابو سعید شرف الدین دہلوی (رحمة اللہ علیہ) فتاویٰ ثنائیہ جلد ا ص ۵۳۰)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد05 ص362

محدث فتویٰ